نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل کی زیر صدارت کپاس کے ٹیکنیکل ورکنگ گروپ کا اجلاس

کپاس کی موجودہ صورت حال اور جاری ہیٹ ویو کے دوران فصل کی دیکھ بھال کا جائزہ لیا گیا

کپاس کی فصل کو گرمی کی شدت سے بچانے کیلئے مناسب وقفہ سے آبپاشی کریں،سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب

لاہور: 21 مئی 2024: سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل کی زیر صدارت ایگریکلچر سیکرٹریٹ میں کپاس کے ٹیکنیکل ورکنگ گروپ کا اجلاس ۔اجلاس میں کپاس کی موجودہ صورت حال اور جاری ہیٹ ویو کے دوران فصل کی دیکھ بھال کا جائزہ لیا گیا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ موسمیات کی پیشن گوئی کے مطابق حالیہ گرمی کی لہر 27 مئی تک جاری رہے گی۔ان دنوں کے دوران دن رات کا درجہ حرارت معمول سے 4 تا 6 ڈگری سینٹی گریڈ زیادہ رہے گا لہٰذا فیلڈ فارمیشنز 31 مئی تک کپاس کی کاشت مکمل کرنے کیلئے کاشتکاروں کی رہنمائی و معاونت کریں۔انہوں نے مزید کہا کہ حالیہ ہیٹ ویو کے پیش نظر کپاس کی کاشت ترجیحاً کھیلیوں پر کریں اور شرح بیج میں مناسب اضافہ کریں۔اس موقع پر بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ اس وقت کپاس کی فصل پر کسی بھی کیڑے کا حملہ نقصان کی معاشی حد زیادہ نہیں۔سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب نے فیلڈ فارمیشنز کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ کپاس کی فصل کے ابتدائی 60 دن اہم ہیں اس دوران نقصان دہ کیڑوں کے تدارک کیلئے کسی بھی قسم کے زرعی زہر کا سپرے کرنے سے فصل دباؤ کا شکار ہو جاتی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ دوست کیڑے بھی مر جاتے ہیں جس سے پیداوار متاثر ہوتی ہے۔اس موقع پر ماہرین کی جانب سے ایڈوائزری جاری کی گئی کہ کاشتکار شدید گرم موسمی حالات میں کپاس کی فصل کی باقاعدہ نگرانی اور کھیتوں میں مناسب وقفہ سے ہلکی آبپاشی ترجیحاً شام یا رات کے اوقات میں کریں۔کپاس کی بوائی سے پہلے زمین کو سب سوائلر یا چیزل کے ذریعے گہرا ہل چلانے کے بعد راونی کریں۔کپاس کی بوائی ترجیحاً شام کے وقت کریں۔فصل کو پوٹاش،بوران، زنک اور سلفر کا اسپرے پودوں کو ضروری غذائی اجزاء کی فراہمی کو یقینی بنانے میں مدد کرتا ہے۔اس ضمن میں کپاس کے کاشتکار 300 گرام پوٹاش، 250 گرام بوران، 250 گرام زنک، 150 گرام کاپر اور 150 گرام میگنیز پر مشتمل محلول فی ایکڑ سپرے کریں۔جڑی بوٹیوں کی بروقت تلفی اور کیڑوں کے قدرتی کنٹرول کے طریقے گرمی کے دباؤ کی وجہ سے فصل میں پیچیدگیوں کے خطرات میں کمی لا سکتے ہیں۔پھول اور پھل کے کیرا کی صورت میں نشوونما کو تیز کرنے والے مرکبات (بائیوسٹمولینٹ/ امائینو ایسڈ) سپرے کریں۔

0-0-0-0-0